Monthly

KARWAN-E-QAMAR

Karachi



اکتوبر 2001

قمر الاسلام گریجویٹس ایسوسی ایشن پاکستان

ماہنامہ
کاروانِ قمر
کراچی

سرپرستِ اعلیٰ
ابوالحسن سید شاہ منظور ہمدانی دامت برکاتہم

سرپرست
ابوالازہر سید عظمت علی شاہ ہمدانی مدظلہم

جلد نمبر ۴ رجب / شعبان ۱۴۲۲ھ اکتوبر ۲۰۰۱ء شمارہ نمبر ۲

مدیر اعلیٰ
محمد صحبت خان کوہاٹی

مدیر اعزازی
پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

سرکولیشن منیجر
قاری محمد یعقوب ہزاروی
تزئین و اوراق بندی
شفاعت الرسول بھٹی

بدل اشتراک
فی شمارہ: ۱۵ روپے سالانہ: ۱۵۰ روپے
بیرون ملک مع ڈاک خرچ
الامارات: ۳۵ درہم، السعودیہ: ۳۵ ریال

انچارج گوشہ طالبات
سیدہ حسینہ ہمدانی
رابطہ سیکریٹری
حاجی محمد یار سعیدی

دار العلوم قمر الاسلام سلیمانیہ، پنجاب کالونی، کراچی نمبر ۶
باہتمام: قمر الاسلام گریجویٹس ایسوسی ایشن، پاکستان۔
فون: ۵۷۶۷۹۳-۵۷۶۸۸۴- فیکس: ۵۸۳۰۸۳۷

پرنٹر پبلشر سید شاہ منظور ہمدانی نے قریشی آرٹ پریس ناظم آباد کراچی سے چھپوا کر شائع کیا۔



تبصرۂ کتب

(تبصرے کے لئے ہر کتاب کی دو جلدیں ارسال فرمائیں)

(ادارہ)

نام کتاب : زیاراتِ مقدسہ (بلادِ اسلامیہ میں زیاراتِ مقدسہ پر ایمان افروز تذکرہ)

مؤلف : افتخار احمد حافظ

ضخامت : ۲۴۸ صفحات قیمت : ۲۵۰ روپے

ملنے کا پتہ : افتخار احمد حافظ، مکان نمبر 6 - 999/A، گلی نمبر ۹، افشاں کالونی راولپنڈی چھاؤنی۔

قدیر و حکیم خدا نے اپنے بندوں کو ''سیروا فی الارض'' کا حکم دیا ہے۔ سفر وسیلۂ ظفر بھی کہلاتا ہے اور جب کسی نیک مقصد کے لئے سفر کیا جائے تو اس کی اہمیت اور افادیت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے اور بقول حافظ خبیب احمد ''سفرنامہ کسی بھی سرزمین کی سیاحت کا آنکھوں دیکھا حال ہوتا ہے جو وہاں کے باسیوں کے رہن سہن، ثقافت و تمدن اور تاریخ و جغرافیہ کی جھلکیاں بیان کرتا ہے۔''

چنانچہ ایک اولوالعزم سیاح اور صاحب بصیرت انسان جناب افتخار احمد حافظ نے اپنے ایک تقدس مآب سفر کی دلآویز روئیداد ''زیاراتِ مقدسہ'' کے عنوان سے ترتیب دی، پھر اسے طریقے اور سلیقے سے خوبصورت انداز میں شائع فرمایا۔ ۲۴۸ صفحات والی اس نرالی کتاب میں ترکی، شام، اردن، عراق اور پاکستان کے نامور بزرگانِ دین کے مزارات کے گراں قدر حالات محنت اور محبت سے یکجا کئے گئے ہیں۔ دیدہ زیب رنگین تصاویر کتاب کے حسن کو دوبالا کئے ہوئے ہیں۔

افتخار احمد حافظ عقیدت و محبت کے پاکیزہ جذبات سے سرشار بلادِ اسلامیہ کے سفر پر گئے اور ایسے متبرک مقامات پر حاضری کی سعادت پائی جہاں کے پل بھر کی حاضری دارین کی

سعادت ہے۔ وہ رب العلمین جل جلالہ کے انبیاء علیہم السلام کے مزارات پر بھی گئے، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی چوکھٹ پر بھی حاضر ہوئے اور اولیائے عظام رحمہم اللہ کے مزارات کی بھی زیارت سے شاد کام ہوئے۔ فاضل مؤلف نے بلاد اسلامیہ کا یہ مبارک اور مفید سفر اپنے برادر بزرگوار جناب محمد بشیر صاحب کے ہمراہ اس جذبے سے کیا کہ جن ہستیوں نے اپنی زندگیاں دین اسلام کے لئے وقف کیں ان کی چوکھٹ پر حاضری دی جائے۔

کتاب کا پیش لفظ جگر گوشہ ضیاء الامت پیر محمد امین الحسنات شاہ صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔ جبکہ سردار عبدالقیوم، حافظ خبیب احمد، جناب افتخار عارف کی گراں قدر تقریظات شامل کتاب ہیں۔ کتاب جس ذوق اور جس قرینے سے ترتیب دی گئی ہے، قابل تعریف ہے اور جناب حافظ خبیب احمد کی اس رائے میں بڑی جان ہے کہ:

"مصنف ایک باذوق اور باخبر سیاح کی حیثیت سے ہمیں ان روحانی مقامات تک لے جاتا ہے جہاں سے رشد و ہدایت اور خداوند تعالیٰ کے جمال وجلال کی کرنیں چار دانگ عالم کو روشن و منور کر رہی ہیں۔"

فاضل مؤلف جس مزار پُرانوار پر گئے وہاں کی رنگین تصاویر کا تحفہ بھی ہمراہ لائے اور کتاب کو ان رنگین تصاویر سے مزین کر کے کتاب کے حسن کو چار چاند لگا دیئے۔ پھر صاحب مزار کے حالات، وہاں کے مقامات کے احوال قلمبند کر کے اسے مزید افادیت بخشی۔ کتاب کا سرورق جاذب قلب ونظر ہے۔ اس پر مزارات کا خوبصورت عکس آنکھوں کو بھاتا ہے۔ کتاب معلوماتی بھی ہے، دلچسپ اور دلکش بھی۔ آپ اس "زیاراتِ مقدسہ" کی زیارت سے مستفید ہونا چاہیں تو حافظ افتخار احمد کو خط لکھیں اور رجسٹرڈ ڈاک کی صورت میں منگوانے کے لئے ۲۸۰ روپے ارسال فرمائیں۔

نام کتاب : عالمی نظام سیاست و اقتصاد اور افغانستان کی طالبان تحریک

مصنف : استاذ خالد محمود۔

ناشر : گوشۂ علم و تحقیق۔ المدینہ گارڈن جمشید روڈ نمبر ۲، کراچی

ضخامت : ۶۰۶ صفحات۔ قیمت : ۱۸۰ روپے۔